## الطاف حسین کا احسان ساری زندگی نہیں بھول سکتا، محمد آصف

## متحدہ قومی موومنٹ واقعتاً دکھی انسانیت کی خدمت کررہی ہے، شاید دیگر جماعتوں کے لیڈروں کو آگے آنا چاہئے، اہل محلّہ

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی جانب سے سرطان زدہ بچے کے علاج کیلئے دولاکھ روپے کا چیک دیا

## چیک ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن علی حسین اور فیصل آباد ڈسٹرکٹ آرگنائزر وارا کین نے بچے کے والد تک پہنچایا

فیصل آباد۔۔۔17، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے فیصل آباد ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ارکان نے فیصل آباد جڑانوالہ کے رہائشی محمد آصف کے سرطان کے مرض میں مبتلا دوسالہ بیٹے کے علاج کیلئے دولاکھ روپے کا چیک پہنچادیا جس کے بعد محمد آصف بچے کو لیکر علاج کی غرض سے لاہور روانہ ہوگیا۔تفصیلات کے مطابق محمد آصف کے سرطان زدہ بچے کے علاج کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے دولاکھ روپے کا چیک پہنچادیا یہ چیک ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین اور فیصل آباد ڈسٹرکٹ آرگنائزر طاہر بلو، جوائنٹ انچارج محمد یحیٰی، رکن سرفراز مغل، تحصیل جڑانوالہ کے انچارج رانا گلفراز اور دیگر ممبران کمیٹی وکارکنان نے قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر بچے کے والد محمد آصف کو گھر جا کر دیا۔اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے محمد آصف نے بچے کے علاج کیلئے رقم ملنے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اس موقع پر محمد آصف اپنے جذبات پر قابو نہ پاسکا اور ان کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو آگئے۔محمد آصف نے کہا کہ میں الطاف حسین بھائی کا یہ احسان عظیم ساری زندگی بھلا نہیں پاؤں گا الطاف بھائی نے میرے بچے کے علاج کیلئے رقم بھجوا کر میرے درد کو اپنے سینے میں محسوس کیا ہے جبکہ وہاں موجود اہل محلّہ نے بھی قائد تحریک الطاف حسین کے اس اقدام کو سراہا اور کہا کہ واقعتاً ایم کیوایم دکھی انسانیت کی خدمت کرتی ہے، انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے اس عمل سے ثابت ہوگیا کہ ایم کیوایم غریب دوست جماعت ہے۔اس موقع پر محمد آصف اور اہل محلّہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی اور ایم کیوایم کی کامیابی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔واضح رہے کہ فیصل آباد کے سرطان زدہ بچے کے علاج کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین اور فیصل آباد ڈسٹرکٹ میں ذمہ داراوں سے رابطہ کر کے انہیں ہدایت دی کہ وہ بچے کے علاج کیلئے فوری طور پر دولاکھ روپے بچے کے والد تک پہنچائیں جس کے بعد ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے چیک پہنچایا۔اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں بھی موجود تھے جنھوں نے قائد تحریک الطاف حسین اقدام کو سراہا اور کہا کہ الطاف حسین عظیم قائد ہیں جنھوں نے سب سے پہلے رقم بھجوائی۔

## ایم کیوایم کے تحت 28 مئی کو بھٹ شاہ میں ہونے والے سندھ کنونشن کے سلسلے میں اندرون سندھ میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا گیا

## سندھ کنونشن سے قبل ایم کیوایم کے 9 زونل دفاتر کے تحت مختلف علاقوں میں رکنیت سازی کے 115 کیمپس لگائے جائیں گے

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت رکنیت سازی مہم آج سے ہی شروع کردی گئی، 5 علاقوں میں رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد

## مختلف قومیتوں، برادریوں کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں رابطہ کیا اور رکنیت سازی فارم پُر کر کے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی

## رکنیت سازی کیمپوں پر پہلے ہی دن سندھ کے عوام کی بہت بڑی تعداد نے پہنچ کر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔17، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 28 مئی کو صوبہ سندھ کے علاقہ بھٹ شاہ میں ہونے والے ''سندھ کنونشن'' کے سلسلے میں اندرون سندھ میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے۔رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں 17، مئی بروز پیر کو ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت لبرٹی چوک، رشی گھاٹ چوک، پھلیلی ٹانگہ اسٹینڈ، فقیر کا پڑ چوک اور حیدر چوک پر رکنیت سازی کیمپس لگائے گئے جن پر مختلف قومیتوں اور برادریوں کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں رابطہ کیا اور رکنیت سازی فارم پُر کر کے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی۔اس سلسلے میں اندرون سندھ میں قائم ایم کیوایم کے 9 زونل دفاتر جن میں ایم کیوایم حیدرآباد زون، میر پور خاص زون، نوابشاہ زون، سانگھڑ زون، ٹنڈوالہ یار زون جامشورو زون، عمر کوٹ زون، ٹھٹھہ زون اور بدین زون شامل ہیں کہ تحت 28 مئی سے قبل کی تاریخوں میں مختلف علاقوں میں رکنیت سازی کے 115 کیمپس لگائے جائیں گے جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔ایم کیوایم حیدآباد زون کے تحت 17 مئی پیر سے ہی رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا ہے اور اس سلسلے میں حیدرآباد کے 5 علاقوں میں رکنیت سازی کیمپ لگائے گئے جبکہ ایم کیوایم حیدرآباد زون کے 18 مئی منگل کو سبزی منڈی چوک، باب شیدائیان چوک پونے دس نمبر، جویریہ شاپنگ سینٹر، خدا حافظ سینٹر، لیبر کالونی، فہیم نگر چوک

اور 19 مئی بدھ کو پاکستان چوک، ہالاسعید آباد بھٹ شاہ، ٹنڈو محمد خان اور قاسم آباد کے علاقوں میں رکنیت سازی کے کیمپس لگائے جائیں گے۔ایم کیوایم میر پور خاص زون کے 18 مئی منگل کو ہیر آباد چوک، پوسٹ آفس چوک، چاندنی چوک، 19 مئی بدھ کو یوسی پھلاڈیوں، یوسی کھیراؤ، یوسی میرواہ گورچانی، یوسی جھلوری، 20 مئی جمعرات کو یوسی ٹنڈو جان محمد، سیکٹر جھڈو جبکہ 21 مئی جمعہ کو یوسی نوکوٹ اور سیکٹر کوٹ غلام محمد کے علاقوں میں رکنیت سازی کے کیمپوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ایم کیوایم نوابشاہ زون کے تحت رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد 19 مئی بدھ کو اللہ والا چوک، بانکارام روڈ، ڈیسنٹ چوک نزد چکرہ بازار، قاضی احمد موڑ چوک، پھاٹک چوک نزد علم چوک، زبیر چوک مریم روڈ، 20 مئی جمعرات کو یونٹ کمب لیماں آفس، یونٹ گیچانی مین چوک، سینما چوک، قاضی احمد نزد نیشنل بنک مین ہائی وے، دولت پور سٹی مین روڈ، 21 مئی جمعہ کو باندھی مورو روڈ، دوڑ سٹی مین تھانہ چوک، جمال شاہ کیریو گوٹھ، پچھیری مین بازار چوک، 60 میل مین بازار چوک اور جام صاحب مین بازار پر کیا جائے گا۔ایم کیوایم سانگھڑ زون کے تحت رکنیت سازی کیمپس 19 مئی بدھ کو ٹنڈو آدم، بیرانی، شہداد پور، سرہاری اور لونڈو، 20 مئی جمعرات کو سانگھڑ اور کھپرو، 21 مئی جمعہ کو سنجھورو، جعفر خان لغاری، 22 مئی ہفتہ کو شاہ پور چاکر اور کھڈرو میں لگائے جائیں گے۔ایم کیوایم ٹنڈو الہیار زون کے زیر اہتمام 18 مئی منگل کو قلعہ چوک، خواجہ اسٹاپ میر پور خاص روڈ، مسن، 19 مئی بدھ کو چمبڑ، عثمان شاہ ہڑی ٹنڈو آدم روڈ اور 20 مئی جمعرات کو دھنگانو بوز دار اور پیار ولنڈ میں رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ایم کیوایم جامشورو زون کے تحت رکنیت سازی کیمپس 18 مئی منگل کو کوٹری سٹی، کوٹری سائیٹ، جامشورو پھاٹک، 19 مئی بدھ کو سہون، لاکھا، خانوٹ، مانجھند، 20 مئی جمعرات کو جھانگارہ بھان، دل ٹلئی اور 21 مئی جمعہ کو نوری آباد کے علاقوں میں لگائے جائیں گے۔ایم کیوایم عمر کوٹ زون کے رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد 18 مئی منگل سے شروع کیا جائے گا اور 18 مئی کو عمر کوٹ، تھر بازار عمر کوٹ سٹی، چھور، تین تلوار چوک کنری سٹی، 19 مئی کو ڈھورو نارو پتھورو، غلام نبی شاہ، سامارو، نبی سر، ٹالہی، 20 مئی جمعرات کو مٹھی سٹی اور 21 مئی جمعہ کو نگر ہار کر میں رکنیت سازی کے کیمپس لگائے جائیں گے۔ ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے تحت بھی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں کیمپوں کا انعقاد 18 مئی منگل سے کیا جائے گا اور 18 مئی کو ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے تحت جن علاقوں میں رکنیت سازی کیمپس لگائے جائیں گے ان میں بنوں، بٹھورو، بیلو چھر یٹانی کے علاقے شامل ہیں جبکہ 19 مئی بدھ کو ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے تحت جاتی، شاہ بندر، سجاول، 20 مئی جمعرات کو ٹھٹھہ، مکلی جنگشاہی، گجو، وراور 21 مئی جمعہ گھارو، دھابیجی، گاڑھو، ساکرو اور چوبندی میں رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد کیا جائے گا۔اسی طرح ایم کیوایم بدین زون کے تحت 18 مئی منگل کو ماتلی، ٹنڈو غلام علی، 19 مئی بدھ کو گولارچی، ترائی، احمد راجو، 20 مئی جمعرات کو بدین سٹی، کڈن، نندو سٹی، شادی لارج، پنگریو، حیات خاصخیلی، ٹنڈو باگو اور 21 مئی جمعرات کو تلہار اور راجو خانانی کے علاقوں میں رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ دریں اثناء ایم کیوایم رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے کیلئے اندرون سندھ میں ایم کیوایم کے 9 زونل دفاتر کے تحت علاقائی سطح پر رکنیت سازی کیلئے کیمپوں کا انعقاد 17 مئی سے کر دیا ہے اور الحمداللہ ان کیمپوں پر پہلے ہی دن سندھ کے عوام کی بہت بڑی تعداد نے پہنچ کر رکنیت سازی کے فارم پُر کر کے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی ہے اور ان کا جوش وخروش قابل دید ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھ بھر کے مظلوم عوام فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا بھرپور ساتھ دیں اور رکنیت سازی مہم کے ذریعے ایم کیوایم میں زیادہ سے زیادہ شمولیت اختیار کر کے حق پرستی کا ثبوت دیں۔

## ایم کیوایم سندھ دھرتی کو مفاد پرستوں سے نجات دلا کر صحیح معنوں میں امن، محبت اور پیار کی دھرتی بنادے گی، رابطہ کمیٹی

## صوبہ سندھ کے ہاری، کسان، مزدور اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد 28 مئی کو بھٹ شاہ میں ہونے والے سندھ کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور اندرون سندھ میں جاری رکنیت سازی مہم میں بھرپور حصہ لیں

کراچی۔۔۔17، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صوبہ سندھ کے ہاریوں، کسانوں، مزدوروں، محنت کشوں، دانشوروں، قلمکاروں، ڈاکٹروں، انجینئروں، فنکاروں اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی ہے کہ وہ ایم کیوایم کے تحت بھٹ شاہ میں 28 مئی کو ہونے والے ''سندھ کنونشن'' میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور اس سلسلے میں صوبہ سندھ میں جاری ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم میں بھرپور حصہ لیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ سندھ امن، محبت اور پیار کی دھرتی ہے اور اس کے صوفی بزرگ شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی نے جو تعلیمات دی ہیں اس پر ایم کیوایم عمل پیرا ہے اور انشاءاللہ ایم کیوایم ہی سندھ دھرتی کو مفاد پرستوں سے نجات دلا کر صحیح معنوں میں امن، محبت اور پیار کی دھرتی بنادیگی۔رابطہ کمیٹی نے سندھ بھر کے عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ سندھ بھر میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور 28، مئی کو بھٹ شاہ میں ہونے والے ایم کیوایم کے ''سندھ کنونشن'' میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کر کے حق پرستی کا ثبوت دیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن میں ہنزہ کی مصنوعی جھیل کے متاثرین کی امداد کیلئے امدادی سامان جمع کروانے کا سلسلہ پیر کے روز بھی جاری

## عوام و مخیّر حضرات کی جانب سے بھاری مقدار میں اشیائے خورد و نوش اور نقد عطیات جمع کروائے گئے

## متاثرین کی امداد کیلئے عوام و مخیّر حضرات زیادہ سے زیادہ عطیات اور اشیائے خورد و نوش جمع کرائیں، رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔17 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت گلگت ہنزہ کے علاقے عطاء آباد، ششکٹ، آئین اور گلگت کے متاثرین کی امداد و بحالی کیلئے امدادی اشیاء اور نقد عطیات جمع کرنے کا کام جاری ہے۔اس سلسلے میں پیر کے روز بھی مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد خصوصاً مخیّر حضرات تاجروں، صنعت کاروں اور ملز مالکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا بلاک 14 آکر بھاری مقدار میں اشیائے خورد نوش ،ادویات اور روزمرہ استعمال کی اشیائے صرف کے علاوہ نقد عطیات بھی جمع کرائے۔واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہنزہ میں مصنوعی جھیل سے متاثرہ خاندانوں کیلئے اشیائے خورد و نوش اور روزمرہ استعمال کی اشیائے پر مشتمل امدادی سامان کی پہلی کھیپ اتوار کی شب پی آئی اے کارگو کے ذریعے روانہ کی جا چکی ہے جو آج کسی بھی وقت ہنزہ کے متاثرین میں تقسیم کی جائیگی۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام خصوصاً مخیّر حضرات تاجروں، صنعتکاروں اور ملز مالکان سے اپیل کی ہے کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کی اپیل پر گلگت ہنزہ کے علاقے عطاء آباد، ششکٹ، آئین اور گلگت کے متاثرین کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں زیادہ سے زیادہ امدادی سامان و نقد عطیات اور ادویات جمع کرائیں اور دکھی انسانیت کی مدد کریں۔

## ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خاتمے کے بغیر ملک ترقی نہیں کرسکتا، ایم کیو ایم شعبہ خواتین

## گولارچی میں جاگیردار کی نجی جیل میں خواتین اور بچوں کی موجودگی پر افسوس کا اظہار

## خواتین کیلئے تربیتی پروگرام ''پڑھو اور بڑھو'' میں شریک خواتین کے اجتماع سے بات چیت

کراچی۔۔۔17 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی ارکان نے کہا ہے کہ پاکستان میں تمام برائیوں اور ناانصافیوں کی جڑ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے اور اس ظالمانہ نظام کے خاتمے کے بغیر ملک وقوم ترقی نہیں کرسکتے۔خواتین کیلئے تربیتی پروگرام ''پڑھو اور بڑھو'' میں شریک خواتین کے اجتماع سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گولارچی میں جاگیردار کی نجی جیل میں خواتین اور بچوں کی موجودگی پر گہرے افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ جاگیردار، وڈیرے خود کو ہر آئین اور قانون سے ماوراسمجھ کر غریب عوام پر ظلم ڈھا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کے مظلوم عوام کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کے خلاف متحد کررہے ہیں اور انشاء اللہ بہت جلد ملک سے ظلم و جبر کے فرسودہ نظام کا خاتمہ ہوگا۔انہوں نے خواتین پر زور دیا کہ وہ حق پرستی کے فکر و فلسفہ کو عام کرنے کے لئے نہ صرف ذہنی تربیت اور تعلیم حاصل کریں بلکہ عوام الناس میں شعوری بیداری کیلئے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کریں۔

## متحدہ لائرز فورم کے زیراہتمام وکلاء کے اعزاز میں 19 مئی 2010 کو استقبالیہ دیا جائے گا

کراچی۔۔۔17 مئی 2010ء

متحدہ لائرز فورم کے زیراہتمام مورخہ 19 مئی 2010 بروز بدھ دوپہر 1 بجے ڈی سی آفس میں ڈی سی سینٹرل کی جانب سے متحدہ لائرز فورم میں شامل ہونے والے وکلاء کے اعزاز میں ایک استقبالیہ اہتمام کیا جارہا ہے۔جس میں متحدہ لائرز فورم کے مرکزی عہدیداران وارکان بڑی تعداد میں شرکت کرینگے۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم گلشن معمار سیکٹر یونٹ A-33 کے کارکن مرزا صادق علی بیگ اور مرزا علمدار علی بیگ کے والد مرزا مرتضٰی علی بیگ، ایم کیو ایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 130 کے کارکن محمد عابد قریشی کی والدہ محترمہ پروین قریشی اور ایم کیو ایم ٹھٹھہ زون یونٹ فلٹر پلانٹ کے کارکن فرحان کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے (آمین)

☆☆☆☆☆